# ELECTION COMMISSION OF PAKISTAN

## (Media Coordination and Outreach Wing)

******

## PRESS RELEASE

مورخہ 15فروری،2022

الیکشن کمیشن آف پاکستان کے قائم کردہ پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (PMU) نے باقاعدگی سے ای وی ایم اور اوورسیز ووٹنگ پروجیکٹس پر کام کا آغاز کر دیا ہے۔اس حوالے سے پی ایم یو مشینوں کی خریداری کے حوالے سے پروجیکٹ پلان ٹائم لائن کے ساتھ مرتب کررہے ہیں۔ پہلے مرحلے میں مشینوں کی پائلٹ ٹیسٹنگ کے لیے الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کی خریداری کی جائے گی۔اور اس حوالے سے EOIاور RFP کی تیاری پر کام ہورہا ہے۔اس کے بعد مشینوں کی خریداری کے لیے اخبار میں اشتہار دیا جائے گا اور PPRA قوانین کے تحت قومی یا بین الاقوامی فرم سے مشینوں کی خرایدی عمل میں لائی جائے گی۔

2 الیکٹرانک ووٹنگ مشین (ای وی ایم) اور اوورسیز پاکستانیوں کے لیے ووٹنگ سے متعلق رپورٹ اس مقصد کے لیے تشکیل دی گئی تین کمیٹیوں نے تیار کی ہے جو اس کے تکنیکی،مالی اور قانونی پہلوؤں پر مشتمل ہے۔مذکورہ رپورٹ میں بین الاقوامی معیار کے مربوط نظام کی تعمیر کے لیے منصوبے کے تمام ضروری اقدامات/منصوبوں کا احاطہ کیا گیا ہے جس میں مجوزہ قانون سازی، پائلٹ ٹیسٹنگ، بین الاقوامی بہترین طرز عمل اور عالمی تجربات، ٹیکنالوجی کی قسم کا اس کی خوبیوں/خرابیوں کے ساتھ انتخاب، پروجیکٹ پلان، خریداری، جانچ اور مینوفیکچرنگ، کوالٹی اشورینس، سیکورٹی سرٹیفیکیشن،لاجسٹکس، تربیت، گودام، سپورٹ اور دیکھ بھال،ڈیزاسٹر ریکوری پلان وغیرہ تفصیلی سفارشات کے ساتھ۔مذکورہ رپورٹ پہلے ہی الیکشن کمیشن آف پاکستان کو ان کے جائزے کے لیے پیش کی جاچکی ہے۔

*~*~*~*~*